تعطیلات

تعلیمی سال کے دوران تین تعطیلات ہو تی ہیں :

(۱) دس روزہ عید الاضحی کے موقع پر۔

(۲) دو ہفتہ ششماہی امتحان کے اختتام پر۔

(۳) دو ماہ تعلیمی سال کے اختتام پر ۔

بینک کی تفصیلات:

- بینک کا نام: FNB -لیسوتھو۔
- کھاتہ کا نام: دارالعلوم زکریا
- شاخ: لیسوتھو
- شاخ نمبر: 250-737
- سوفٹ نمبر: F I R N Z A J J
- للہ کھاتہ نمبر: 55280682152
- زکوۃ کھاتہ نمبر: 55286780819
- تعمیراتی فنڈ کھاتہ نمبر: 55280684075
- بینک کا پتہ : 31 روز ایونیو ،لیسوتھو ، جوہانسبرگ ، جنوبی افریقہ
- بینک سے رابطہ نمبر118545985 (0027)

برائے مہربانی اپنی شناخت واضح طور پر لکھیں ، اور اپنی ادائیگی کی رسید درج ذیل ای میل کے ذریعہ بھیجدیں تاکہ ہم آپ کو رسید بھیج سکیں: admin@duz.co.za

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

أفضل الصدقة أن يتعلم المرء المسلم علما ثم يعلّمه أخاه المسلم

بہترین صدقہ مسلمان کا علم حاصل کرنا اور پھر اپنے مسلم بھائی کو سکھانا ہے (ابن ماجہ)

رابطہ کے لئے :

فون نمبر:0027 11 8591081

0027 11 8593136

ایمیل: admin@duz.co.za

ویب سائٹ: www.duz.co.za

نظام الاوقات:

دوشنبہ تا شنبہ:(پیر تاسنیچر)۔

عموما صبح 7 بجے سے ساڑھے گیارہ بجے تک ، پھربعد الظہرتاعصر۔

پی او باکس 10786 ، لیسوتھو ، 1820 ، جنوبی افریقہ۔

رابطہ برائے آمدو رفت :

مدرسہ میں ٹراسپوٹ کے لئے مندرجہ ذیل حضرات سے رابطہ کریں :

مولانا اقبال صاحب : 0027 724411748

بھائی محمد(اوبر): 0027 817363706

دارالعلوم زکریا کی نسبت:

ایک غیر نفع بخش ادارہ جو امت مسلمہ کی خدمت میں مشغول ہے۔

(NPO 045-916-)

حکومت کی طرف سے رفاہ عام کی خدمات کے لئے

(930020412-PBO) کے ذریعہ منظور شدہ ہے۔

وفاق المدارس(ATII) سے منسلک ایک دینی ادارہ ہے۔

دار العلوم زکریا

دارالعلوم زکریا اسلامی اعلی معیاری علوم کی تعلیم کا ایک مذہبی ادارہ ہے۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے:

طلب العلم فريضة على كل مسلم

(ابن ماجة)

ہر مسلمان کے لئے (دینی ضروری) علم حاصل کرنا فرض ہے (ابن ماجہ)

سنگ بنیاد:

برکۃ العصر شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا صاحب کے ہم نام دارالعلوم زکریاکی بنیاد ۱۹۸۳ء بہ مطابق ۱۴۰۴ھ میں ایک چھوٹی سی بستی بنام زکریا پارک میں رکھی گئی،

۱۹۸۱ء بہ مطابق ۱۴۰۱ھ میں حضرت شیخ کے جنوبی افریقہ کے تاریخی سفر میں حضرت نے ادارہ کے لئے دعافرمائی تھی ،چنانچہ مدرسہ کا نام انہیں کے ہم نام رکھا گیا ۔

مقاصد:

- قرآن مجید ، سنت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی سیرت کی تعلیم دینا، اسلامی قانون اور فقہ کے چار و ں مکاتب فکر کی اکابر کے نہج پر تعلیم دینا۔
تقریروتحریرکے ذریعہ امت مسلمہ کے عقائدواعمال کی حفاظت کرنااوردین اسلام کی نشرواشاعت کرنا۔

بنیادی مقصد:

رضاء الٰہی کاحصول۔

دارالعلوم کی شاخ:

ارباب مدرسہ نے ایک نیک صالحہ خاتون کی تمنا اور پیشکش کی وجہ سے برائے حفظ قرآن مجید مدرسہ سے تقریبا ۱۳کلومیٹر کے فاصلہ پر ۲۰۰۰ء میں بستی ایکنھوف میں چھوٹا سا مدرسہ شروع فرمایا ۔

شعبہ جات:

مدرسہ میں چھ شعبے ہیں:

1۔ شعبہ تحفیظ القرآن

2۔شعبہ عالمیت ”درس نظامی“

3۔شعبہ تجویدوقراءت

4۔شعبہ افتاء واستفتاء

5۔شعبہ النادی العربی

6۔عصری علوم: یہ نویں جماعت سے بارہویں تک ہوتا ہے ، اور انگریزی اور ریاضی کی تعلیم دی جاتی ہے ۔

فارغ التحصیل طلباء کی تعداد:

اللہ تعالی کے فضل سے دارالعلوم زکریا سے تقریبا 1297 حفاظ، 1198 علماء، اور 577 قراء بروایت حفص ، 274 قراء بروایت سبعہ ،اور 67 قراء بروایت عشرہ، اور دارالافتاء سے تقریبا 87 علماء فارغ التحصیل ہوئے ۔ (تا اپریل۲۰۲۰ء۔شعبان ۱۴۴۱ھ) فللہ الحمد۔

چند مفید سرگرمیاں:

علاوہ ازیں طلباء کو اپنی اصلاح اور تربیت کی طرف متوجہ کیا جاتا ہے ،اور دعوت وتبلیغ کے لئے بھی تیار کیا جاتا ہے ، نیز علم فلکیات کے لئےہفتہ واری درس کا الصف الرابع کے طلباء کے لئے انتظام گیا گیا ہے،نیزبروز جمعہ طلباء کوقرب وجوار کی مساجد میں خطابت وخطبہ جمعہ کے لئے بھیجا جاتا ہے ۔نیزشب ہفتہ میں طلبہ کےلیے اصلاح اللسان کے نام سے مختلف زبانوں میں بیانات کی مشق کے لیے انجمن قائم کی گئ ہے۔

ہدف:

امت مسلمہ کو اعلی تعلیمات فراہم کرنا اور امت کے لئے مخلص ومتواضع اور انسانیت کے ہمدرد علماء پیدا کرنا۔

میوزیم - Museum

۲۰۱۴ میں ایک اسلامی میوزیم(متحف) کھولا گیا ، جس میں کتب احادیث میں وارد شدہ اشیاء کو تقریب فہم کے لئے بطور نمونہ پیش کیا گیا ہے ۔اسی طرح مدینہ منورہ ۷ھ کااورمسجد اقصی کا خاکہ بھی تیار کیاگیا ہے ،نیز قرآن کریم کے۸۰۰یا۹۰۰سال پہلے لکھے گئے نسخے اور اوراق بھی موجود ہیں ،ان کے علاوہ اور بھی قابل دید اشیاء موجود ہیں ۔

داخلہ کی کاروائی:

ہرسال شوال میں تعلیمی سال کا آغاز ہوتا ہے اور بارہ سال سے اوپر عمر والے بچوں کا داخلہ کیا جاتا ہے ،امتحان کے بعد مناسب درجہ منتخب کیا جاتا ہے ۔نوٹ:
داخلہ کی کاروائی جگہ کی گنجائش پر موقوف رہے گی۔ طلباء کی مطلوبہ تعداد مکمل ہونے پر ہم داخلہ سےمعذرت خواہ ہوں گے۔